**بینک دولت پاکستان**

**شعبۂ مبادلہ پالیسی**

**آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی**

**ای پی ڈی سرکلر لیٹر نمبر 07 برائے 2025ء** | **12 اگست 2025ء**

زرِ مبادلہ کے تمام مجاز ڈیلروں کے

صدور / چیف ایگزیکٹوز

محترم / محترمہ،

## برآمدی رقوم کی وصولی

مجاز ڈیلروں کی توجہ ایف ای سرکلر نمبر 02 بتاریخ 31 مارچ 2023 ء کی جانب مبذول کرائی جاتی ہے، جس کے ذریعے فارن ایکسچینج مینوئل کے باب 12 (برآمدات) میں نیا پیرا 33 اے (برآمدی رقوم کی تاخیر سے وصولی) شامل کیا گیا تھا۔

2. اس ضمن میں، یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ محولہ بالا ایف ای سرکلر کو فوری طور پر منسوخ کیا جائے۔ مجاز ڈیلرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مذکورہ ایف ای سرکلر کے تحت برآمد کنندگان کی زیرِ تحویل رقوم کا اجرا کریں۔

3. آئندہ کے لیے مجاز ڈیلرز پندرہ روزہ بنیاد پر ایف ای او ڈی-ایس بی پی ایس سی کو منسلکہ V-20 اور منسلکہ V-21 جمع کراتے وقت تمام زائد المیعاد برآمدی بلوں کی اطلاع دیں گے۔ فارن ایکسچینج مینوئل کے باب 12 کے پیرا 33 (ii) اے میں اس کے مطابق ترمیم کر دی گئی ہے۔

4. مزید برآں، مجاز ڈیلروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مذکورہ بالا ہدایات کو اپنے تمام متعلقین کے علم میں لائیں۔

آپ کا مخلص،

**(ڈاکٹر آصف علی)**

**ڈائریکٹر**